دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

UIC PAKISTAN

پیکرا (PACRA) کی جانب سے +A قرار شدہ

اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا ایونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (دی "کمپنی") کے تمام ممبران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا 13 واں غیر معمولی اجلاس عام بروز بدھ 31 اگست 2016 بوقت صبح 11.30 بجے بمقام رائل پام گالف اینڈ کنٹری کلب، 52، کینال بینک روڈ، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

عمومی کارروائی:

1- کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ منگل 26 اپریل 2016 کی کارروائیوں کی توثیق۔

خصوصی کارروائی:

2- کمپنی کے مجاز شیئر سرمائے میں اضافے کیلئے غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی منظوری اور اس مقصد کیلئے درج ذیل قرارداووں کی بطور خصوصی قرارداد ترمیم یا بلاترمیم منظوری دینا۔

اے) قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز شیئر سرمائے -/2,000,000,000 روپے (دو ارب روپے صرف) منقسم ہر ایک -/10 روپے مالیت کے 200,000,000 عمومی شیئرز سے بڑھا کر اسے 3,000,000,000 روپے (تین ارب روپے صرف) منقسم ہر ایک -/10 روپے مالیت کے 300,000,000 عمومی شیئرز کر دیا جائے۔

بی) مزید قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز سرمائے میں اضافے کے سلسلے میں خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے ممبورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق 5 اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 6 میں ترمیم کی جائے اور بذریعہ ہذا کی جاتی ہے اور اسے درج ذیل کے مطابق پڑھا جائے:

ممبورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق 5

"کمپنی کا شیئر سرمایہ -/3,000,000,000 روپے (تین ارب روپے صرف) ہر ایک -/10 روپے مالیت کے 300,000,000 عمومی شیئرز میں منقسم اور متعلقہ شقوں کے مطابق اضافہ، کمی کرنے، ترمیم کرنے، ذیلی منقسم کرنے، اکٹھا کرنے یا کچھ وقت کے لئے کمپنی کے شیئر سرمائے کو دوبارہ منظم کرنے اور شیئرز کو متعدد درجات میں کچھ وقت کے لئے سرمائے میں منقسم کرنے کے اختیار کے ساتھ ہے۔"

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 6

کمپنی کا مجاز سرمایہ 3,000,000,000 روپے (تین ارب روپے صرف) ہر ایک -/10 روپے مالیت کے 300,000,000 عمومی شیئرز میں منقسم ہوگا۔

سی) مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی کے سیکرٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا قراردادوں پر عملدرآمد کرانے کے مقاصد کے لئے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائیں اور اس سلسلے میں ان تمام دستاویزات کی تکمیل کریں جو اس سلسلے میں ضروری یا گزیر ہوں۔

3- کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 208 کے تحت درج ذیل خصوصی قراردادوں پر غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی ترمیم یا بلاترمیم، اضافے یا اخراج کے ساتھ منظوری جیسا کہ ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے۔

اے) قرار پایا کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 (دی "آرڈیننس") کی دفعہ 208 کی شرائط کے مطابق یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (دی "کمپنی") کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ (دی "بینک") میں کمپنی کی سابق سرمایہ کاری پر پیش کردہ رائٹ شیئرز کی خریداری کے ذریعے -/200,000,000 روپے (دو سو ملین روپے صرف) کی سرمایہ کاری کو توسیع دے۔

بی) مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا سرمایہ کاری کے سلسلے میں کمپنی کی انتظامیہ کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مجاز اور بااختیار ہے کہ اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ (دی "بینک") میں کمپنی کی سابق سرمایہ کاری کی بنیاد پر پیش کردہ رائٹ شیئرز کی خریداری کرکے اسے -/200,000,000 روپے (دو سو ملین روپے صرف) تک لے جائیں۔

4- صدر اجلاس کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ

(اظہر اے خان)
کمپنی سیکریٹری

کراچی
10 اگست 2016

نوٹ:

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 23 اگست 2016 تا 31 اگست 2016 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ فزیکل شیئر ہولڈرز کی ڈی ایس منتظلوں کی آئی ڈیز کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ دفتر نمبر 17،1705 ویں منزل، سائٹ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی کو 22 اگست 2016 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں۔

2- اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا/کی حقدار ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔

اے) ایک پراکسی لازماً کمپنی کا ممبر ہونا چاہئے۔ پراکسیز کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے لئے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائے۔ پراکسی کے فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com سے ڈاؤن لوڈ بھی کئے جا سکتے ہیں۔

بی) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

سی) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام ہی این آئی سی نمبر اور پتے پراکسی فارم میں درج کئے جائیں۔

3- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ضروری ہے کہ وہ درج ذیل رہنما ہدایات پر بھی عمل کریں جو کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے فراہم کی گئی ہیں۔

اے) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کر کے اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔

بی) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے)

4- شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتے پر مطلع کریں۔

میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ
دفتر نمبر 17،1705 ویں منزل، سائٹ ٹریڈ ٹاور-A،
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی-74000

کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ (b) 160 (1) کے تحت بیان

معلومات زیر شق 3(1)(a) بابت کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایشنز اینڈ انویسٹمنٹ میں سرمایہ کاری) ریگولیشن 2012 ذیل میں درج ہیں۔

طلب	معلومات
مسئلہ کمپنی کا نام	اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ
مسئلہ تعلقات کار کا معیار	ایکویٹی میں سرمایہ کاری
مقصد	مارکیٹ میں بہتری اور خطرات میں کمی اور بینک سرمائے کی موزونیت کو یقینی بنانا
فوائد	مسئلہ کمپنی میں سرمایہ کاری اور کیپٹل ایپریسیشن سے منافع منقسمہ کی آمدنی کے ذریعے ایکویٹی پر مناسب منافع کمانا
سرمایہ کاری کی مدت	حکمت عملی کے تحت طویل مدتی سرمایہ کاری
سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ رقم	200 ملین روپے (دو سو ملین روپے صرف)
زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکورٹیز حاصل کی جائیں گی	-/10 روپے فی شیئر
حاصل کردہ سیکورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد	20 ملین شیئرز
سرمایہ کاری سے قبل شیئر ہولڈنگ	شیئرز کی تعداد 82.773 ملین شیئر ہولڈنگ کی شرح 37.624 فیصد
سرمایہ کاری کے بعد شیئر ہولڈنگ	شیئرز کی تعداد 102.773 ملین شیئر ہولڈنگ کی شرح 42 فیصد
لسٹڈ سیکورٹی میں سرمایہ کاری	جاری کردہ 12 ہفتہ وار اوسط مارکیٹ نرخ 10.65 روپے فی شیئر
شیئرز کی بریک اپ ویلیو	31-03-2016 کے مطابق 4.76 روپے فی شیئر
گزشتہ تین سالوں کے لئے آمدنی فی شیئر	2013 خسارہ فی شیئر (1.78) 2014 آمدنی فی شیئر 0.08 2015 خسارہ فی شیئر (0.16)
فنڈز کا ذریعہ جس سے شیئرز حاصل کئے جائیں گے	کمپنی کے ذاتی فنڈز
شرائط اگر شیئرز کے حصول میں قرض لئے گئے فنڈز استعمال کئے جائیں	لاگو نہیں
مسئلہ کمپنی کے ساتھ کئے گئے معاہدے (معاہدوں) کی نمایاں خصوصیات	لاگو نہیں
مسئلہ کمپنی میں ڈائریکٹرز کا بلواسطہ/ بلاواسطہ مفاد	لاگو نہیں
کوئی دیگر اہم تفصیل	کوئی نہیں